ٹرائینین کمپنی کی ایک پیشکش

Good देवता

دیوتا

ستارے

دخینتی مالا۔ جیمن گیتا۔ آغا۔ انجلی دیوی وغیرہ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

میوزک = سی رامچندر

دیوتا کے گانے

گانا نمبر ۱

اے چاند کل جو آنا اُن کو بھی ساتھ لانا
وہ جن کے بغیر آج پیار بیقرار ہے
یہ ٹھنڈی ہوا یہ سماں یہ نظارے
ایسے میں آئے کوئی دِل یہ پُکارے
جسے میری انکھیوں نے دیکھا اِک بار
وہ جن کے.....

او چندا بتا ہے کہاں چاند میرا
اتنا بتا دے گا تو کیا بگڑے گا تیرا
پہلی پہلی پریت میری پہلا پہلا پیار
وہ جن کے.....

گانا نمبر ۲

کیسے آؤں جمنا کے تیر پاؤں پڑی زنجیر شیاما
کاہے لگایا میری انکھیوں میں کجرا انکھیوں میں کجرا
کلیاں میں گجرا
رہ گئی ہار سنگار کیے میں کون بندھائے دھیر
کیسے آؤں....

شام بن کو جیا مورا ترسے
کہا کروں کیسے نکلوں میں گھر سے

بیرنت بھری من کی یہ دنیا ہائے نہ جانے بیر
کیسے آؤں.....

گانا نمبر ۳

کسی سے پیار نے ہم کو مگر ہم نہ بتائیں گے
تمہاری ان جھکی آنکھوں سے ہم تو جان جائینگے
ہم آنکھیں کھول دیں گے تو جھکانا ہم کو آتا ہے
مگر ہم روٹھ جائیں گے منانا ہم کو آتا ہے
اگر ہم پھر بھی نہ مانے تو پلکوں پر بٹھائیں گے
ہمارے کون ہو تم جی وہی جو دل چراتے ہیں
سکھائی کس نے یہ چوری۔ یہ دنیاں سکھاتے ہیں
جو یہ الزام جھوٹا تو ہم سچ کر دکھائیں گے

گانا نمبر ۴

پھولوں کے میلے ہم ہیں اکیلے آ بھی جا
آ بھی جا بانہوں میں ہاتھ میرا لے لے
پیار کے دن، دل کی دھڑکن، ہائے گن گن کے کیسے گزاروں
کون ہے میرا ایسے میں جس کو، تیرے سوا میں پکاروں
تو نے دیئے ہیں درد نویلے
پھولوں کے میلے.....
یہ تنہائی، یہ انگڑائی کہتی ہے پیار کا فسانا
آنکھوں میں آنکھیں ڈال کے لے لے دل کا نذرانہ
کب تک دکھی آہوں سے کھیلے

دلیوتا

پھولوں کے میلے.....

گانا نمبر ۵

ظالم تیری آنکھوں نے کیا چیز پلا دی ہے
اُلفت کے سوا ساری دُنیا ہی بھلا دی ہے
بس ایک نظر دیکھا اور لوٹ لیا دِل کو
تب کیوں بھی میرے دِل نے خوش ہو کے دعا دی ہے
ظالم تیری.....
جب سے تجھے دیکھا ہے، کچھ ہوش نہیں مجھ کو
ہر چیز زمانے کی نظروں سے گرا دی ہے
ظالم تیری.....
دِل پیار کرے جس سے، وہ درد دیا دل کو
جلنے میں مزا آئے وہ آگ لگا دی ہے
ظالم تیری.....

گانا نمبر ۶

نہ دل رہا نہ میرے دِل میں وہ خوشی ہی رہی
تیرے بغیر تڑپتی یہ زندگی ہی رہی
سُونا ہے میرا دِل کا جہاں، چپ ہے زمیں اور یہ آسماں
آواز دے تُو ہے کہاں، تُو ہے کہاں
دُنیا سے میری تُو دُور ہے، آ جا میرا پیار مجبور ہے
تُو جو نہیں تو میرے لئے، ویران ہیں یہ دونوں جہاں
تُو ہے کہاں.....

تجھ سے بچھڑ کر یہ زندگی، بجھتی ہوئی ایک روشنی
اپنا پتہ بتا دے مجھے ملتا نہیں ہے تیرا نشاں
تو ہے کہاں......
غم کا اندھیرا یوں چھا گیا، دل زندگی سے گھبرا گیا
او جانے والے تیری قسم، آ جالبوں پر دم آ گیا
پتھرا چلی ہیں آنکھیں میری، رکنے لگی ہے میری زباں
تو ہے کہاں.....

گانا نمبر ۵

مڑ کر بھی نہ دیکھ سہاگن، محلوں کی یہ شان
اس دنیا میں اب تیرا بس پتی ہی ہے بھگوان
ادھر چلی جا جانکی، جدھر چلے تیرے رام
چھوڑ نہ اپنا راستہ، لے ہمت سے کام
بھارت کی سنتان ہے تو، ماتا تیری کا روپ
سیتا بن کر سہتی جانا، بن بن کی تو دھوپ
ہنستے ہنستے لڑتی جانا جیون کا سنگرام
چھوڑ نہ اپنا راستہ.....
پتی پرنا تیرے تیج کے آگے سورج بھی شرمائے
تیرے ایک اشارے سے یہ بادل جل برسائے
تیرے جیسی ستیوں سے ہی بھارت کا ہے نام
چھوڑ نہ اپنا.....
تجھ میں دھرتی کا بل ہے اور آسمان کا زور

اپنے آپ کو کیوں سمجھے پھر تو ابلا کمزور
تو چاہے تو بس میں کر لے چاروں دھام
چھوڑ نہ اپنا.....

بنی کیسے تو پھول چھوڑ کر کانٹے گلے لگا لے
پریتم کے چرنوں میں اپنا تو سنسار بسا لے
کٹیا میں بھی تجھے ملے گا محلوں کا آرام
چھوڑ نہ اپنا.....

گانا نمبر ۹
دو نینوں کا اپنا جھولنا ہے پلکوں کی ڈوریاں
ساز بجائے چاندنی اور چاند سنائے لوریاں
لال میرا جب مسکائے، مست چندریا بھی شرمائے
دیکھ دیکھ کے میرے دل میں لہر خوشی کی دوڑی جائیں
تیرے میرے پیار کی کبھی نہ ٹوٹیں ڈوریاں
میرے سنگ دھیرے دھیرے
چال چلے جب تو متوالی
میں جھوم میرا منوا جھومے، جھومے کالی ڈالی
پھولوں کی ہے پالکی اور تاروں کی ہے ڈوریاں
دو نینوں.....

ختم شد

دلچسپ اور کارآمد راتوں کو نیند اُڑا دینے والی فلمی دنیا میں تہلکہ مچا دینے والی کتاب

فلمستان کی پریاں

اس کتاب میں آپکے پسندیدہ فلموں میں کام کرنیوالے ایکٹروں ایکٹرسیوں نیز ڈائرکٹروں کی زندگی کے حالات۔ وہ کسطرح فلم کمپنیوں میں داخل ہوئے۔ کس نے کس کس فلم میں کام کیا۔ انکے پتے سینکڑوں اہم معلومات درج کی ہیں۔ جگہ جگہ ایکٹرسیوں کی تصاویر نے اس کتاب میں چار چاند لگا دیئے ہیں۔ اگر آپکو فلمستان سے ذرا بھی لگاؤ ہے۔ تو آپکے لئے یہ کتاب بیحد ضروری ہے اسکی ایک جلد ضرور منگائیں۔

قیمت صرف ۱۰/۱ ـہ محصولڈاک معاف

بغیر اُستاد کے چند دِنوں میں ہارمونیم سکھانیوالی کتاب

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اسلئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔

قیمت صرف ۱۹/۱ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

فلمی گانوں کی ایک بہترین کتاب

سینما سنگیت عرف گویوں کا گورو

یہ ۵۵۰ فلمی گانوں کی وہ لاجواب کتاب ہے جسے ملک نے بیحد پسند کیا ہے۔ اسمیں تقریباً ۲۵۰ فلموں کے چیدہ چیدہ گانے چھاپے گئے ہیں جنہیں زمانہ حال کے مشہور ستاروں مثلاً کامنی کوشل۔ نرگس۔ ثریا۔ گیتا بالی۔ مینا۔ نمی۔ ریحانہ۔ وجنتی مالا۔ اوشا کرن۔ نروپا رائے۔ شکیلہ۔ بینا رائے۔ شیاما اور اشوک کمار۔ دلیپ کمار۔ دیوانند۔ کشور کمار۔ پردیپ کمار۔ راج کپور۔ شمی کپور۔ بھارت بھوشن۔ ادم وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے۔ جنکو ایک بار پڑھنے و سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے اور اپنے آپکو بھول جاتا ہے۔

قیمت صرف ۲/۱-۱- محصولڈاک معاف

ٹیلر ماسٹر

ٹیلرنگ کا کام سکھانیوالی سب سے بہتر اور نئی کتاب جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کیگئی ہے۔ جسمیں تمام ایسی چیزوں مثلاً بشرٹ۔ نیکر۔ بش کوٹ وغیرہ کاٹنے کا طریقہ بھی آپکو صرف اس کتاب کے اندر ہی ملیگا۔

قیمت صرف 3/1-1- محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

الہ آباد پریس دہلی